لسانیات، سرکاری افسروں اور ہر طرح کے نمونہ ہائے انسانیت کو قریب سے دیکھیں گے اور وہ کچھ جانیں گے جو پہلے نہیں جان سکے۔

صحیح راہِ عمل | مصنف: عبدالقادر عودہ شہیدؒ۔ مترجم: محمد حنیف۔ ایم اے۔
ناشر: مکتبۂ چراغِ اسلام ۵/۱ قذافی مارکیٹ۔ اُردو بازار، لاہور۔ قیمت-/۱۲ روپے

اس مختصر کتاب میں اس سوال کا جواب دیا گیا ہے کہ قانونِ الٰہی یا قانونِ انسانی؟ صحیح راہِ عمل کیا ہے۔ مصنف شہید کی رائے یہ ہے کہ اسلامی شریعت سے ہماری روگردانی کی وجہ یہ ہے کہ ہم شریعت کو جانتے ہی نہیں۔ اور ہمارے علما بھی عوام کو صحیح طریقے سے قانونِ شریعت سے واقف کرانے میں ناکام رہے ہیں۔ مصنف شہید کے نزدیک سب سے بڑی نیکی یہ ہے کہ اپنے بھائی کو اسلامی شریعت سے روشناس کرایا جائے۔ نیز اس تحریر کا مقصد یہ ہے کہ تمدن اور سیاست اور قانون کے طلبہ کے شکوک وشبہات دُور ہوں۔

کتاب کے مباحث میں یہ چیزیں بھی شامل ہیں کہ اسلام کے احکام دین اور دُنیا دونوں کے لیے ہیں۔ یہ مکمل اور دائمی شریعت ہے۔ شریعت ہر چیز سے بالاتر ہے۔ اقتدار اور قانون سازی اس کے تحت ہونی چاہیے۔ اور اصحابِ اقتدار حدُود سے تجاوز نہ کریں۔ دوسرے ایک باب میں مسلمانوں کے مختلف طبقات پہ اس لحاظ سے بحث کی گئی ہے کہ کون کس وجہ سے راہ شریعت میں رکاوٹ ہے۔ اور بڑی دردمندی سے ہر طبقے کے لوگوں کو غلبۂ شریعت کے کام کے لیے پکارا گیا ہے۔

قرآن کی محفل | از ڈاکٹر محمد احمد واسطی۔ ناشر: واسطی پبلیکیشنز۔ ۱ ایم۔ مجاہد آباد، اورنگی ٹاؤن۔ کراچی ۴۳ قیمت: ۲۵/- روپے

یہ بھی ایک خدائی انتظام ہے کہ ہر دَور میں اپنی اپنی استعداد کے مطابق مختلف لوگ